اسلامی معاشرہ میں عورت کا بلند مقام

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۵؍جولائی ۱۹۸۰ء بمقام مسجد نصرت جہاں۔کوپن ہیگن ڈنمارک)

(خلاصہ خطبہ)

’’حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مسجد نصرت جہاں میں نماز جمعہ پڑھائی اور انگریزی اور اردو میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور اپنے خطاب میں قرآنی آیات کی روشنی میں اسلامی معاشرے میں عورت کے بلند مقام کی وضاحت فرمائی اس کے علاوہ حضور نے انسانی مساوات کے قرآنی اصولوں کا بھی ذکر فرمایا۔حضور نے احباب جماعت پر زور دیا کہ وہ پیار محبت اور ذاتی نمونہ سے کام لے کر اسلامی تعلیم غیر مسلموں تک پہنچائیں حضور نے جمعہ کے روز بعد از نماز جمعہ ڈینش احمدیوں سے ملاقات فرمائی اور دو گھنٹے تک ان احباب سے شفقت اور محبت کے ساتھ تبادلہ خیالات کیا۔سرزمین ڈنمارک کی یہ سعید روحیں اپنے آقا کے ساتھ اس ملاقات پر انتہائی مسرور اور شاداں تھیں۔ان احباب نے دو گھنٹہ تک حضور سے ملاقات کر کے اپنی روحانی تشنگی بجھانے کا سامان کیا۔

احبابِ کرام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل وکرم سے حضور کو صحت و سلامتی سے رکھے۔آپ کے دورہ کو لاتعداد برکات وافضال سے نوازے اور مغرب کی سعید روحوں کو اس دورہ کے ذریعہ اسلام کی آغوش میں آنے کی توفیق دے اور ہر ہر قدم پر حضور کو غیبی تائیدات اور فرشتوں کی مدد سے نوازے آمین۔‘‘

(روزنامہ الفضل ربوہ ۳۱؍جولائی ۱۹۸۰ء صفحہ ۱)